تعارف وتبصرہ

(تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ)

نام کتاب : نقوشِ سیرت

مصنف : عتیق الرحمٰن صدیقی

ضخامت: 224 صفحات قیمت: 240 روپے

ملنے کا پتہ: دار التذ کیر، رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور

عتیق الرحمٰن صدیقی عالم دین، ماہر تعلیم اور صاحبِ طرز ادیب ہیں۔ کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ان کی تحریر میں سنجیدگی، احتیاط، دین کے ساتھ لگاؤ، عقیدے کی پختگی اور حُبِ رسول نمایاں ہے۔ ان کے والد مرحوم حیدر زمان صدیقی معروف عالم دین اور متعدد کتابوں کے مصنف تھے۔

اس کتاب میں مصنف نے سیرتِ رسول ﷺ کے حوالے سے بیس سے زیادہ موضوعات پر بحث کی ہے اور ہر موضوع پر مستند معلومات بہم پہنچائی ہیں۔ اُن کے انداز سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ محبت کے صرف زبانی دعوے کے قائل نہیں بلکہ وہ اس بات کو لازمی قرار دیتے ہیں کہ لوگ آپؐ کے ارشادات اور فرامین کو ذوق وشوق کے ساتھ معلوم کریں اور آپؐ کی تعلیمات پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔ یہ تو نرا دھوکہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عقیدت کے اظہار میں تو زمین و آسمان کے قلابے ملا دیے جائیں مگر آپؐ کی اطاعت اور اتباع سے زندگی خالی ہو۔

اس کتاب میں دیگر اُمور کے علاوہ اُسوۂ حسنہ کی روشنی میں توکّل علی اللہ، زہد وقناعت، جذبہ حُبِ الٰہی، نرم مزاجی اور طہارت و نظافت کی حقیقت اور اہمیت واضح کی گئی ہے۔ یہ کتاب وقت کی ضرورت ہے، کیونکہ ہر مسلمان کے لیے لازمی ہے کہ وہ سیرت رسول ﷺ کا مطالعہ کرے، آپؐ کی پسند وناپسند سے واقفیت حاصل کرے اور آپؐ کی تعلیمات پر عمل کرنے کی کوشش کرے۔ یہ کتاب اس مقصد کو بڑی حد تک پورا کرتی ہے۔

کتاب حسن حقیقی کے علاوہ جمال ظاہری سے بھی مزین ہے۔ کمپوزنگ اعلیٰ معیار کی اور جلد مضبوط ہے۔